فتوی نمبر:29

کیا حضرت خضر علیہ السلام نبی تھے؟

سوال: 29 کیا حضرت خضر علیہ السلام نبی تھے؟ اور اگر کوئی ان کی نبوت کا انکار کرے تو کیا کافر ہو جائے گا؟

جواب: حضرت خضر علیہ السلام کی نبوت کے حوالہ سے ہر دور میں اختلاف رہا ہے۔ بہت سے حضرات نے ان کی نبوت کا اقرار اور بہت سوں نے انکار کیا ہے۔ اس لیے اگر کوئی شخص ان کی نبوت کا قائل نہیں ہے تو اسے کافر نہیں کہا جائے گا۔

"فتاویٰ تاتارخانیہ" میں تحریر ہے:

سئل ابن مقاتل عمن أنكر نبوة الخضر وذي الكفل؟ قال: كل من لم تجمع الأمة على نبوته لايضره أن يجحد نبوته.[1]

---

(1) الفتاوى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فيما يعود إلى الأنبياء عليهم السلام، ج: 5، ص: 478

www.seerat.net